سوال

جامع ترین کلمہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

''لاالہ الااللہ'' توحید کی تمام اقسام پر کس طرح مشتمل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواب : یہ کلمہ توحید کی تمام اقسام پر مشتمل ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کلمہ توحید کی تمام اقسام پر دلالت ضمنی ہے یا الزامی ہے۔ وہ اس طرح کہ جب کوئی کہنے والا یہ کہتا ہے کہ ''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں'' تو اس سے ذہن میں فوراً یہ خیال آتا ہے کہ اس سے مراد توحید عبادت ہے جسے توحید الوہیت کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے اور توحید الوہیت توحید ربوبیت پر بھی مشتمل ہے کیونکہ جو شخص بھی اللہ تعالیٰ وحدہ کی عبادت کرے تو اس کی ربوبیت کے اقرار کے بغیر تو اللہ کی عبادت نہیں کرے گا۔ اسی طرح یہ توحید اسماء وصفات پر بھی مشتمل ہے کیونکہ انسان صرف اسی کی عبادت کرتا ہے جس کے بارے میں اسے معلوم ہو کہ وہ مستحق عبادت ہے اور اللہ کے اسماء وصفات کا یہی تقاضا ہے، اسی لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے یہ کہا تھا :

إِذ قالَ لِأَبيهِ يـٰأَبَتِ لِمَ تَعبُدُ ما لا يَسمَعُ وَلا يُبصِرُ وَلا يُغنى عَنكَ شَيـًٔا ﴿٤٢﴾... سورة مريم

''ابا جان! آپ ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہیں جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور نہ آپ کے کچھ کام آسکیں۔''

بایں طور توحید عبادت، توحید ربوبیت اور توحید اسماء وصفات پر خود بخود مشتمل ہو کر سامنے آجاتی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ55